# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 10 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں ریاست میں سات ہزار 600 کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور 10 طبّی کالجوں کا افتتاح۔

☆ مقوی غذائیت بخش چاول کی فراہمی 2028 تک جاری رکھنے کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ بزرگ صنعت کار رتن ٹاٹا چل بسے؛ ریاست میں ایک روزہ سوگ کا اعلان۔

☆ ریاست کی 19 ذاتوں اور طبقات کو دیگر پسماندہ طبقات کی مرکزی فہرست میں شامل کرنے کو قومی کمیشن برائے پسماندہ طبقات کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں آج ناندیڑ میں خواتین کو مستحکم بنانے سے متعلق اجتماع اور مختلف منصوبوں کا سنگِ بنیاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کی قیادت کے حوالے سے مہاراشٹر کو سبقت حاصل ہے۔ ریاست میں سات ہزار 600 کروڑ روپئوں کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور 10 طبّی کالجوں کا افتتاح کل وزیرِ اعظم کے ہاتھوں بذریعۂ ٹیلی کانفرنسنگ عمل میں آیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں نریندر مودی نے کہا کہ ان منصوبوں کا سنگِ بنیاد، مستحکم اور صحت مند مہاراشٹر کی سنگِ بنیاد کے مترادف ہے۔ انھوں نے کہا:

*”ساتھیو، پچھلے 10 ورش میں ہم نے دیش کے وِکاس کیلئے آدھونِک اِنفرا بنانے کا ایک مہایگیہ شروع کیا۔ آج ہم صرف بلڈنگس نہیں بنا رہے ہیں، ہم ایک سُوستھ اور سمردّھ مہاراشٹر کی نیو رکھ رہے ہیں۔ ایک ساتھ 10 نئے سرکاری میڈیکل کالجوں کی شروعات یہ کیول 10 نئے سنستھانوں کو تیار کرنا نہیں ہے، یہ لاکھوں لوگوں کے جیون کو بہتر بنانے کا مہایگیہ ہے۔ آج مہاراشٹر ایک بار پھر دیش کی پرگتی کو نیئ توونے کیلئے آگے بڑھ رہا ہے۔“*

جالنہ اور ہنگولی سمیت ریاست کے ممبئی، ناسک، بلڈانہ، واشم، امراوتی، بھنڈارا، گڈ چرولی اور امبرناتھ کے 10 طبّی کالجوں کا افتتاح بھی وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ ان کالجوں میں طلبہ کیلئے میڈیکل گریجویشن کی 900 اضافی نشستیں میسر آئیں گی۔ اس طرح ریاست کے کُل 35 کالجوں میں میڈیکل ڈگری کی سالانہ چار ہزار 850 نشستیں ہو جائیں گی۔

ناگپور بین الاقوامی طیران گاہ کی تجدید نو کے منصوبے اور شرڈی طیران گاہ کے نئے ٹرمینل کی عمارت کا سنگِ بنیاد بھی کل وزیرِ اعظم کے ہاتھوں رکھا گیا۔ اسی موقع پر قومی اسکل انسٹیٹیوٹ اور مہاراشٹر وِدّیا سمِکشا کیندر کا افتتاح بھی عمل میں آیا۔

ریاستی وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے بعد ازاں اطلاع دی کہ شرڈی طیران گاہ کا نام سائی بابا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی کے سرکاری میڈیکل کالج کیلئے 986 آسامیاں معرضِ وجود میں لائی گئی ہیں۔اس نوتعمیر شدہ طبّی کالج کے ڈین ڈاکٹر چکردھر مونگل نے یہ اطلاع دی۔انھوں نے بتایا کہ ان آسامیوں کو بہت جلد پُر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

شہریوں میں پائی جانے والی خون اور غذائی اجزاء کی کمی کو دور کرنے کی غرض سے ضرورت مند شہریوں کیلئے مقوی غذائی اجزاء آمیز فورٹیفائیڈ چاول کی فراہمی دسمبر 2028 تک جاری رکھنے کو مرکزی حکومت نے منظوری دے دی ہے۔کل منعقدہ مرکزی کابینہ کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔گجرات کے لوتھل میں قومی بحری ورثہ احاطہ، نیز راجستھان اور پنجاب کے سرحدی علاقوں میں چار سو کروڑ روپئے سے زائد صرفے سے دو ہزار 280 کلو میٹر طویل سڑکوں کی تعمیر کو بھی مرکزی کابینہ نے منظور کرلیا۔

***** ***** *****

بزرگ و معروف صنعت کار اور ٹاٹا گروپ آف انڈسٹریز کے سابق سربراہ رتن ٹاٹا کل شب ممبئی میں چل بسے۔وہ 86 برس کے تھے۔صحت بگڑنے کے باعث انھیں بدھ کو ممبئی کے بریچ کینڈی اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔رَتن ٹاٹا صرف صنعت کار کی حیثیت سے ہی نہیں بلکہ اپنے فلاحی کاموں کیلئے بھی دنیا بھر میں ایک منفرد مقام رکھتے تھے۔

28 دسمبر 1937 کو ممبئی میں پیدا ہونے والے رَتن ٹاٹا 1990 تا 2012 ٹاٹا گروپ کے سربراہ رہے۔اکتوبر 2016 تا فروری 2017 کے دوران گروپ کے عبوری سربراہ اور کئی برس ٹاٹا چیریٹیبل ٹرسٹ کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی انھوں نے کام کیا۔

رَتن ٹاٹا کی قیادت میں ہی ٹاٹا موٹرس نے مسافر بردار گاڑیوں کے شعبے میں قدم رکھا۔عام طبقے کیلئے چھوٹی گاڑی ٹاٹا نینو متعارف کروائی۔ان کے دور میں ٹاٹا اسٹیل نے کورس، ٹاٹا ٹی نے برٹش ٹیٹلی گروپ، ٹاٹا گلوبل بیوریجیس نے اسٹاربکس کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے جوائنٹ وینچرس کی شروعات کی۔ٹاٹا گروپ نے وی ایس این ایل خریدا اور ان کے دور میں ہی ٹائٹن نے تنشک برانڈ لانچ کیا۔2021 میں ایئر انڈیا کی بولی جیتنے کے بعد یہ کمپنی دوبارہ اپنے پاس آنے پر رَتن ٹاٹا نے خوشی کا اظہار کیا تھا۔

ٹاٹا سنس، ٹاٹا انڈسٹریز، ٹاٹا موٹرس، ٹاٹا اسٹیل اور ٹاٹا کیمیکلز کے چیئرمین ایمیریٹس کے اعزاز سے انھیں نوازا گیا۔صرف صنعت ہی نہیں بلکہ اپنے فلاحی کاموں کیلئے بھی رَتن ٹاٹا دنیا بھر میں اپنی منفرد پہچان رکھتے تھے۔ٹاٹا گروپ کی جانب سے وقت بروقت امداد کے باعث ہی غریب اور متوسط طبقے کے ہندوستانی طلبہ کو بیرونِ ملک حصولِ علم میں مدد ملی۔ہر سال ٹاٹا گروپ اپنی آمدنی کا ایک بڑا حصہ فلاحی اور امدادی کاموں میں صرف کرتا ہے۔2014 میں آئی آئی ٹی بامبے میں تحقیقاتی کاموں کے فروغ کیلئے 95 کروڑ روپئے کا عطیہ اُس کی ایک مثال ہے۔

رَتن ٹاٹا کو سال 2000 میں پدم بھوشن اور 2008 میں پدم وِبھوشن ایوارڈ سے نوازا گیا۔نومبر 2007 میں ماہنامہ فارچون نے صنعتی میدان کی عالمی سطح کی 28 اَثر انگیز شخصیات کی فہرست میں رَتن ٹاٹا کا نام شامل کیا تھا۔

رَتن ٹاٹا کے انتقال پر صنعتی دُنیا سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی میں شدید رنج و غم پایا جاتا ہے۔وزیرِ اعظم نریندر مودی نے رَتن ٹاٹا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اپنے پیغام میں انھوں نے کہا کہ منکسر المزاجی اور سخاوت کے ساتھ ساتھ معاشرے کو مزید بہتر بنانے کے عزم کے باعث رَتن ٹاٹا بہت زیادہ مقبول ہوئے۔وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل بریچ کینڈی اسپتال جا کر ٹاٹا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ریاستی حکومت نے آج ایک روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

سال 2019 کے راست سیوا بھرتی کی فہرست کے کل ایک ہزار 58 امیدواروں کو ایس ٹی خدمات میں ڈرائیور اور کنڈکٹر کی حیثیت سے شامل کرلیا گیا ہے۔کارپوریشن کے چیئرمین گوگاولے نے یہ اطلاع دی۔اس سلسلے میں متعلقہ امیدواروں اور عوامی نمائندوں نے وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے سے یہ مطالبہ کیا تھا۔

***** ***** *****

ریاست کی 19 ذاتوں اور طبقات کو او بی سی کی مرکزی فہرست میں شامل کرنے کو قومی کمیشن برائے پسماندہ طبقات نے منظوری دے دی ہے۔ اس ضمن میں کمیشن کے چیئرمین ہنس راج آہیر اور رُکن بھووَن بھوشن کمل نے 17 اکتوبر 2023 اور 26 جولائی 2024 کو ممبئی میں اس کی سماعت کی تھی اور طلبہ 8 اکتوبر 2024 کو اس ان ذاتوں اور طبقات کی شمولیت کا حتمی مشورہ دیا تھا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ یووا کاریہ پرشکشن یوجنا کا 46 ہزار طلبہ کو اسکالرشپ کی پہلی قسط ملے گی۔ ریاست کے اسکل ڈیولپمنٹ کے وزیر منگل پربھات لوڈھا نے کل ممبئی میں منعقدہ ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ یہ قسط طلبہ کے بینک کھاتوں میں راست طور پر جمع کروائی جائیگی اور اس کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے 42 کروڑ روپئے دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

ناگپور میں دِکشا بھومی پر ہر سال کی طرح اس سال بھی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر میموریئل کمیٹی کی جانب سے 68 ویں دھمّ پرورتن دن کے پروگرامز کا آج سے آغاز ہو رہا ہے۔ آج صبح میموریئل کمیٹی کے سربراہ بھدنت آریہ ناگ ارجن سُرئی سسائی کی موجودگی میں بھکّو سنگھ، اُپاسک اور شرام نیر کو دِکشا دی جائیگی۔ کل 11 اکتوبر کو پنچ شیل پرچم کشائی اور ہفتے کے دِن دھمّ پرورتن دن کا مرکزی پروگرام ہوگا۔

***** ***** *****

شفاف ہوا سروے میں بہترین کارکردگی پر چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کو دو کروڑ 77 لاکھ روپئے فنڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ 15 ویں مالیاتی کمیشن کی جانب سے ہوا کے معیار کو بہتر اور شفاف بنانے کیلئے امداد دی جاتی ہے۔ رواں مالی سال میں ملک کے 42 امرت شہروں کیلئے مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ نے یہ سروے کیا تھا۔ جس کے مطابق چھترپتی سمبھاجی نگر شہر نے ہوا میں موجود آلودگی کو آٹھ فیصد تک کم کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی تھی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں ریاست میں سات ہزار 600 کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور 10 طبّی کالجوں کا افتتاح۔

☆ مقوی غذائیت بخش چاول کی فراہمی 2028 تک جاری رکھنے کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ بزرگ صنعت کار رَتن ٹاٹا چل بسے؛ ریاست میں ایک روزہ سوگ کا اعلان۔

☆ ریاست کی 19 ذاتوں اور طبقات کو دیگر پسماندہ طبقات کی مرکزی فہرست میں شامل کرنے کو قومی کمیشن برائے پسماندہ طبقات کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں آج ناندیڑ میں خواتین کو مستحکم بنانے سے متعلق اجتماع اور مختلف منصوبوں کا سنگِ بنیاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****